# 29-05-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ مرکز حکومت ملک کے قبائلی دیہاتوں کی ترقی کے لئے مسلسل کام کررہی ہے اور کومرم بھیم کی جدوجہد سے تحریک لیتے ہوئے آدیواسیوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے پابندِ عہد ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ربیع سیزن میں دھان خریداری میں تلنگانہ ملک بھرمیں پہلے مقام پر ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت شہری علاقوں میں رہنے والے غریب خاندانوں کے لئے محفوظ اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق مکانات تعمیر کرنے کے مقصد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

اور

۴۔خواتین کو کروڑ پتی بنانے کیلئے ریاستی حکومت ایک اور قدم آگے بڑھائی ہے۔ریاستی وزیر سیتا اکا نے حیدرآباد کے بنجارہ بھون میں خواتین صنعتکاروں کیلئے ایک خصوصی انکوبیٹر مرکز کا افتتاح کیا۔

Seethakka

خواتین کو کروڑ پتی بنانے کیلئے ریاستی حکومت ایک اور قدم آگے بڑھائی ہے۔ریاستی وزیر سیتا اکا نے حیدرآباد کے بنجارہ بھون میں خواتین صنعتکاروں کیلئے ایک خصوصی انکوبیٹر مرکز کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ 'میڈ اِن تلنگانہ، میڈ بائی ویمن' کا نعرہ مارکٹ پر حکمرانی کرے۔انھوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف خواتین کے ہاتھوں میں بینک پاس بکس دینا نہیں بلکہ صنعتیں اور کاروبار بھی ان کے سپرد کرنا ہے۔ دیہی خواتین کی صلاحیتوں، خیالات اور کاروباری خوابوں کو

حقیقت میں بدلنے کے لئے ایک مضبوط نظام قائم کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ BITS پلانی اور T-Hub کے اشتراک سے دو خصوصی انکوبیٹر مراکز قائم کئے جارہے ہیں۔ ہر انکوبیٹر کے لئے 10 کروڑ 70 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ 300 خواتین صنعت کاروں کو منتخب کرکے خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی۔

Desk

Free Training

حیدرآباد میں سول سروس امیدواروں کے لیے 2 جون سے مفت اورینٹیشن پروگرام شروع ہونے جارہا ہے۔ڈاکٹر مری چنا ریڈی انسانی وسائل ترقیاتی ادارہ اپنی گولڈن جوبلی تقریبات کے موقع پر اچھی حکمرانی اور عوامی خدمات کی بہتری کے مقصد سے ایک ہفتہ طویل مفت اورینٹیشن پروگرام منعقد کررہا ہے۔ یہ پروگرام سیول سروس اور گروپ ون امتحانات کی تیاری کرنے والے امیدواروں کے لئے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔

Desk

Adluri

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ مہاتما جیوتی با پھولے، ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور جگجیون رام جیسی عظیم شخصیات کے مجسموں کی تنصیب میں پیش آنے والی مشکلات کو فوری طور پر حل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ان عظیم رہنماؤں کے مجسمہ صرف فن پارے نہیں بلکہ سماجی بیداری، خودداری اور آئینی اقدار کی علامت ہیں۔سماج کے پسماندہ طبقات کو باعزت مقام فراہم کرنا کانگریس حکومت کا اہم مقصد ہے۔ حیدرآباد، میڑچل۔ ملکاجگیری اور رنگا ریڈی اضلاع میں مجسموں کی تنصیب کے دوران درپیش مسائل پر سکریٹریٹ میں وزیر کی صدارت میں اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔

Desk

Meeting with Revanth

ریاستی چیف انفارمیشن کمشنر چندر شیکھر ریڈی اور دیگر انفارمیشن کمشنرس نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے جوبلی ہلز میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ عہدہ سنبھالنے کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر کمشنرس نے آر ٹی آئی سرگرمیوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔

Desk

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ حکومت ریاست کے نوجوانوں کے سرکاری ملازمتوں کے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف مسابقتی امتحانات میں نوجوانوں کی کامیابی کے لئے ضروری رہنمائی اور مفت تربیت فراہم کی جارہی ہے تاکہ 'میدھو تلنگانہ' کے وژن کو حقیقت بنایا جاسکے۔ اسی مقصد کے تحت مختلف مسابقتی امتحانات سے متعلق کتابیں نوجوانوں کے لئے دستیاب کرائی جارہی ہیں۔ اس موقع پر امیدواروں کو کرنٹ افیئرس میں مہارت دلانے کے لئے 'سالانہ 2025' خصوصی شمارہ جاری کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کتاب میں صرف کرنٹ افیئرس ہی نہیں بلکہ ہندوستانی آئین، سائنس وٹکنالوجی، جغرافیہ، ہندوستان کی تاریخ، تلنگانہ کی تاریخ اور تحریک سے متعلق اہم معلومات بھی شامل ہیں۔

Desk

DISCOM Opposition

بی آر ایس نے کانگریس حکومت کی جانب سے مجوزہ خصوصی رعیتو ڈسکام کے منصوبہ کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ بی آر ایس نے الزام عائد کیا کہ کسانوں کو فراہم کی جانے والی 24 گھنٹے مفت بجلی ختم کرنے کے مقصد سے ہی کانگریس حکومت خصوصی کسان ڈسکام کی تجویز لے کر آئی

ہے۔ اس تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے سابق وزراء جگدیش ریڈی اورسنگی ریڈی نرنجن ریڈی نے پارٹی کی جانب سے ای آرسی کے سامنے اپنے دلائل پیش کئے۔ بی آر ایس قائدین نے کہا کہ ای آر سی کی منظوری سے پہلے ہی تیسرے ڈسکام کے آغاز کی تاریخ کا اعلان کرنا ریگولیٹری اداروں کی توہین کے مترادف ہے۔

Desk

Governor

گورنرشیو پرتاپ شکلا نے مرکزی و ریاستی حکومتوں کی جانب سے عمل میں لائی جانے والی مختلف اسکیموں کوعوام کے درمیان لے جانے میں عہدیداروں کواہم رول ادا کرنے پرزوردیا۔آصف آباد ضلع کے دورہ کے موقع پرگورنر نے کلکٹریٹ میں عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ فلاح و بہبود کے اسکیمات کوموثر طریقہ سے عمل کرنے پرہی حکومت کا مقصد پورا ہوگا۔ گریجن طبقہ کی ترقی کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی اسکیمات فائدہ بندثابت ہورہی ہیں۔گورنرکے دورہ کے دوران ضلع ہیڈکوارٹر میں پولیس کی جانب سے وسیع تر بندوبست کیا گیا۔

PTC - Asifabad

Kishan Reddy

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے ریلوے وزیراشونی ویشنو کےاس اعلان پرخوشی کااظہارکیاہے کہ آئندہ پانچ برسوں میں قاضی پیٹ کے ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ میں 200 انٹرسٹی ٹرینیں تیارکی جائیں گی۔انہوں نے تلنگانہ کی ترقی کے لئے مسلسل تعاون فراہم کرنے پر وزیراعظم نریندرمودی اور مرکزی وزیرریلوے اشونی ویشنوکاشکریہ ادا کیا۔

Twitter

12 Years of Narendra Modi

بی جے پی تلنگانہ یونٹ نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں 12 سالہ حکمرانی مکمل ہونے کے موقع پر خصوصی تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری ڈاکٹر این گوتھم راؤ نے بتایا کہ 7 جون کو مودی حکومت کے 12 سال مکمل ہونے کے موقع پر ریاستی اور قومی قیادت کی ہدایات کے مطابق 'اعتماد، ترقی اور عوامی فلاح' کے موضوع پر یہ پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان تقریبات کے تحت 'ایک پیڑ ماں کے نام'، یوگا ڈے، اگزی بیشن اور مختلف پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔

Desk

Ponguleti

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت شہری علاقوں میں رہنے والے غریب خاندانوں کے لئے محفوظ اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق مکانات تعمیر کرنے کے مقصد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ حال ہی میں ریاستی کابینہ نے کیور حدود کے 24 اسمبلی حلقوں میں پہلے مرحلہ کے تحت ایک لاکھ مکانات کی تعمیر کو منظوری دی تھی۔ اسی سلسلے میں وزیر سرینواس ریڈی نے آج عہدیداروں کے ساتھ تفصیلی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں اربن اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے مختلف ڈیزائنوں کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر نے متعدد تجاویز اور تبدیلیاں پیش کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیرات آئندہ 40 سے 50 برسوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جانی چاہئیں۔

Desk

Uttam Kumar Reddy – Warangal

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ ریاست میں ربیع سیزن کے دوران 75 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا جن میں سے اب تک تقریباً 58 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدا جا چکا

ہے۔انہوں نے کہا کہ مزید 18 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ہنمکنڈہ ضلع کلکٹریٹ میں متحدہ ورنگل سے متعلق دھان خریداری پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں متحدہ ورنگل ضلع کے انچارج وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی بھی شریک ہوئے۔اجلاس میں وزیراتم کمار ریڈی نے بتایا کہ یاسنگی سیزن کے لئے ضروری 24 کروڑ تھیلے خریداری مراکز پر پہلے ہی دستیاب رکھے گئے ہیں۔محکمہ موسمیات کی جانب سے 4 جون کے بعد بارشوں کے امکان کے پیش نظر وزیر نے کلکٹروں کو ہدایت دی کہ 3 جون تک دھان اور مکئی کی خریداری مکمل کر لی جائے۔

Sound Byte: Minister Uttam Kumar Reddy

Warangal District PTC

IPL

آئی پی ایل کرکٹ میاچ کے تحت آج نیو چندی گڑھ کے مہاراجہ یاداوندرا سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے کالیفائر 2 میاچ میں گجرات ٹائٹنس ، راجستھان رائل کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میاچ آج رات ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔اس میاچ میں کامیابی حاصل کرنے والی ٹیم اتوار کو احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے آئی پی ایل 2026ء فائنل میں رائل چیالنجر بنگلور کے ساتھ کھیلے گی۔

NSD

Due

ریاستی حکومت نے سرکاری ملازمین کے طویل عرصہ سے زیر التوا بقایاجات میں پہلی قسط کے طور پر آج 2 ہزار کروڑ روپے جاری کر دئے ہیں۔ان فنڈس کے ذریعے ریٹائرڈ ملازمین کے جنرل پروویڈنٹ فنڈ کے تمام بقایاجات سو فیصد ادا کر دئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ مئی 2025 تک

ریٹائرڈ ملازمین کے زیر التوا بقایا جات بھی ادا کر دئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے 100 دنوں میں 6 ہزار کروڑ روپے کے بقایا جات جاری کرنے کا وعدہ کیا تھا جس کے تحت حکومت نے آج پہلی قسط جاری کی ہے۔ حکومت نے واضح کیا کہ باقی 4 ہزار کروڑ روپے بھی مقررہ مدت کے اندر ملازمین کے کھاتوں میں جمع کرانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

Desk

Governor

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ مرکز حکومت ملک کے قبائلی دیہاتوں کی ترقی کے لئے مسلسل کام کر رہی ہے اور کومرم بھیم کی جدوجہد سے تحریک لیتے ہوئے آدیواسیوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے پابندِ عہد ہے۔ آصف آباد ضلع کے دورے کے دوران کومرم بھیم کے آبائی گاؤں راوٹا سنکے پلی میں منعقدہ ایک اجلاس میں سابق گورنر بنڈارو دتاتریہ کے ساتھ شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں قبائلیوں کی ترقی کے لئے کئی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آدیواسی ثقافت نہایت عظیم ہے اور کومرم بھیم کی جدوجہد کی روح کے ساتھ اس ثقافت کو محفوظ رکھا جانا چاہیئے۔ ساتھ ہی انہوں نے قدرتی وسائل کے تحفظ اور انہیں آنے والی نسلوں تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔

Asifabad PTC

GRMB Chairman

گوداوری ریور مینجمنٹ بورڈ کے چیرمین پی دور تیجے گیا مبا نے کل ناگرجنا ساگر آبی ذخیرے کا دورہ کیا۔ انہوں نے مرکزی ڈیم، دائیں نہر کے ہیڈ ریگولیٹر، مرکزی بجلی مرکز، بائیں نہر کے ہیڈ ریگولیٹر سمیت مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر عہدیداروں نے چیرمین کو پروجیکٹ کے

انتظام، پانی کے ذخائراور دیگر امور کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

Nalgonda PTC

Number One

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ربیع سیزن میں دھان خریداری میں تلنگانہ ملک بھر میں پہلے مقام پر ہے۔ وزراء ٹی ناگیشور راؤ، پونم پربھاکر اور محمد اظہرالدین کے ہمراہ سکریٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ اب تک 60 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں ہونے والی مجموعی یاسنگی دھان خریداری میں تلنگانہ کا حصہ 60 فیصد ہے اور سیزن کے اختتام تک یہ بڑھ کر 75 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ 60 لاکھ میٹرک ٹن خریداری کے ساتھ تلنگانہ تمام ریاستوں سے کافی آگے ہے اور ایف سی آئی کو سب سے زیادہ چاول فراہم کرنے والی ریاست کے طور پر بھی تلنگانہ پہلے مقام پر موجود ہے۔

Desk